(۱۰) جس نے دوست کا راز افشاء کیا وہ دیانتدار نہیں۔
(۱۱) اگر تم لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو تو امید ہے کہ وہ تم پر رحمت کریں۔
(۱۲) رسول اللہ ﷺ تمہیں جو کچھ دیں وہ لے لو اور جس سے تمہیں منع کریں اس سے رک جاؤ / باز آجاؤ۔

مشق نمبر ۱۱۰ عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) مَنْ كَتَبَ هٰذِهِ الْمَقَالَةَ اسْتَحَقَّ الْجَائِزَةَ / كَتَبَ هٰذَا الْمَوْضُوعَ اسْتَوْجَبَ الْمُكَافَأَةَ.
(۲) مَنْ يَّتَّبِعْ نَفْسَهٗ يَخْسَرْ.
(۳) مَهْمَا يَنْصَحْ لَكُمْ اُسْتَاذُكُمْ فَاعْمَلُوْا بِهٖ.
(۴) اَيْنَمَا وُجِدَ الْعِلْمُ فَاعْلَمُوْهُ / فَاحْسِبُوْهُ ضَالَّةً لَّكُمْ.
(۵) اَيَّ وَعْدٍ وَعَدْتُّمُوْهُ / اَيَّ عَهْدٍ اَعْطَيْتُمُوْهُ فَاَوْفُوْهُ.
(۶) مَتٰى تُسَافِرْ فَاسْتَصْحِبْنِيْ.
(۷) مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ فَلَا تُطِعْهُ.
(۸) اِنْ تَعْمَلُوْا بِنَصِيْحَتِيْ فَسَوْفَ تَنْفَعُوْا / تَسْتَفِيْدُوْا.
(۹) اِنْ تُخْلِفِ الْوَعْدَ فَقَدْ اَخْلَفْتَهٗ مِنْ قَبْلُ.
(۱۰) اِنْ تَعُقَّ وَالِدَيْكَ فَلَنْ يَّرْضَيَا عَنْكَ.
(۱۱) اِنْ لَّمْ تَمْتَثِلْ اَمْرِيْ فَسَوْفَ تَنْدَمْ.
(۱۲) مَنِ اقْتَصَدَ فِي النَّفَقَةِ فَلَيْسَ بِبَخِيْلٍ.
(۱۳) مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ.

۵۹۔ے ۱۸۶۔ے

(۱۴) مَنْ يَكُنْ مِنَّا غَنِيًّا / ثَرِيًّا فَلْيُنْفِقْ عَلَى الْفُقَرَاءِ.

مشق نمبر ۱۱۱ اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) اگر تو اپنی فرصت میں محنت کرتا تو شرمندگی نہ اٹھاتا۔

(۲) اگر میرے پاس مال ہوتا تو تجھ پر نثار کر دیتا۔

(۳) اگر عقل نہ ہوتی تو انسان چوپایوں کی مانند ہوتا۔

(۴) اگر ڈاکٹر نہ ہوتا تو مریض کا بُرا حال ہوتا۔

(۵) اگر مشقت نہ ہوتی تو راحت بھی نہ ہوتی۔

(۶) اگر عمل کرنے والوں کے لئے اجر نہ ہوتا تو ہمتیں پست ہو جاتیں۔

(۷) جب میرے والد کی وفات ہوئی تو میں پانچ برس کا تھا۔

(۸) جب آفتاب کو چمکتے ہوئے دیکھا کہا یہ میرا رب ہے۔

(۹) جب تجھے کوئی شخص بھید بتائے تو اس کا بھید ظاہر نہ کر۔

(۱۰) جب ایک نسل جاتی ہے تو دوسری نسل آجاتی ہے۔

(۱۱) میرے دو صاحب علم دوست ہیں ان میں سے ایک تو محمود ہے۔

(۱۲) باقی رہا دوسرا تو وہ مقرر خالد ہے۔

مشق نمبر ۱۱۲ عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) لَوِ اجْتَهَدْتَ فِي التَّعَلُّمِ لَفُزْتَ فِي الْاِمْتِحَانِ.

(۲) لَوْ فُزْتَ لَمَنَحْتُكَ جَائِزَةً ثَمِينَةً.

(۳) لَوْ مَا تَأَخَّرْنَا لَوَجَدْنَا الْقِطَارَ.

(۴) لَوِ اعْتَنَى / اهْتَمَّ قَلِيلًا لَكَانَتِ النَّتِيجَةُ عَلَى عَكْسِ ذٰلِكَ.

(۵) لَوِ انْقَضَّ / انْهَارَ الْجِدَارُ لَمَاتَ النَّاسُ كلهم.

(۶) لَوْلَا الظَّلَامُ لَمَاقُدِرَ النُّوْرُ.

(۷) لَوْلَا التَّجَارِبُ لَمَا اسْتَفَادَ الْإِنْسَانُ .

(۸) لَوْلَا الْإِسْلَامُ لَجَهِلَ النَّاسُ عَنْ اِسْمِ الْعَدْلِ وَالْمُسَاوَاتِ .

(۹) لَمَّابَلَغَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً بَعَثَهُ اللّٰہُ تَعَالٰى .

(۱۰) كُلَّمَا لَقِيْتُكَ احْتَفَيْتَ بِيْ / اَعْزَزْتَنِيْ .

(۱۱) لِمَّ اعْتَذَرْتَ اِلَيَّ عَذَرْتُكَ .

(۱۲) اِذَامَرِضْتَ فَشَاوِرْ طَبِيْبًا.

(۱۳) اِجْلِسَا عِنْدَ الْمَرِيْضِ اَمَّا اَنَا .

(۱۴) فَاَذْهَبُ اِلَى السُّوْقِ لِاَشْتَرِيَ لَهُ اَدْوِيَةً وَرُمَّانًا.

مشق نمبر ۱۱۳ اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو ایک جان سے۔

(۲) وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول ھدایت اور سچے دین کے ساتھ۔

(۳) دونوں مہمان جو ہمارے پاس تھے سفر پر روانہ ہوگئے۔

(۴) جن اساتذہ نے مجھے تعلیم دی ان کی تعظیم کرتا ہوں اور ان سے محبت کرتا ہوں۔

(۵) کیا برابر ہو سکتے ہیں وہ لوگ جو علم رکھتے ہیں اور وہ لوگ جو علم نہیں رکھتے۔

(۶) وہ مائیں جو اپنی اولاد کو اعلیٰ اخلاق کی تربیت دیتی ہیں بہترین مائیں ہیں۔

(۷) (کامل) مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان (کی ایذاء) سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔للحہ

ے۔۱۱۹، ۹۔۳۳، ۹۔۳۹، للحہ (متفق علیہ)

(۸) جو اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودے گا خود اس میں گر کر مرے گا (چاہ کن را چاہ درپیش)۔

(۹) ایسی بات کا وعدہ مت کر جس کے ایفاء پر تو قادر نہیں۔

(۱۰) جو ادب نہیں سیکھنا چاہتا ایسے شخص کو ادب سکھانے کی کوشش نہ کر/لا علاج کو سدھانے کی محنت نہ کر۔

(۱۱) جو چیز سیدھی نہیں ہوسکتی اسے سیدھا کر/کرنے کی کوشش نہ کر۔

(۱۲) اور عنقریب ان لوگوں کو معلوم ہو جائے گا جنہوں نے ظلم کر رکھا ہے کہ کیسی جگہ ان کو لوٹ کر جانا ہے۔

مشق نمبر ۱۱۴ عربی میں ترجمہ کرو

(۱) اَلْوَلَدُ الَّذِیْ یَجْرِیْ عَلَی الشَّارِعِ اَخِیْ .

(۲) اَلْمَرِیْضَۃُ الَّتِیْ جَآءَتْ ھُنَا اَمْسِ تُوُفِّیَتِ الْیَوْمَ .

(۳) ھَلْ تَعْرِفُ الْوَلَدَ الَّذِیْ کَانَ سَلَّمَ عَلَیْکَ / حَیَّاکَ .

(۴) ھَلْ ھٰذَا ھُوَ التِّلْمِیْذُ الَّذِیْ کَانَ نَالَ جَائِزَۃً؟

(۵) ھٰذِہٖ ھِیَ الْعِمَارَۃُ الَّتِیْ کُنْتُ اَسْکُنُ فِیْھَا قَبْلَ سَنَتَیْنِ .

(۶) ضَاعَ / فُقِدَ الْکِتَابُ الَّذِیْ اَعْطَیْتَنِیْ اَمْسِ .

(۷) مَنْ لَّا یَسْتَمِعُ اِلٰی نَصِیْحَۃِ الْاَکَابِرِ یَخْسَرُ نَفْسَہٗ ، مَنْ لَّا یَسْمَعُ نَصِیْحَۃَ الْکُبَرَآءِ یَضُرُّ نَفْسَہٗ .

(۸) اُطْلُبْ / اُدْعُ ذٰلِکَ الْوَلَدَ الَّذِیْ لَہٗ ھٰذِہِ الْکُرَّاسَۃُ .

(۹) اِلْقَ الْوَلَدَیْنِ الَّذَیْنِ اَتَیَا / حَضَرَا الْیَوْم

یہ حدیث نہیں ہے (... ص ۲۲۵)

(۱۰) يَرْضَى اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ يُطِيْعُوْنَ اَمْرَهٗ.

(۱۱) رِجَالُ الشُّرْطَةِ قَدْ قَبَضُوْا عَلَى الَّذِيْنَ كَانُوْا يُحَاوِلُوْنَ النَّقْبَ (فِى الْجِدَارِ)

(۱۲) هٰذِهٖ هِيَ السَّاعَةُ الَّتِيْ اَعْطَانِيْهَا وَالِدِيْ جَائِزَةً.

(۱۳) أَهٰذَانِ اللَّذَانِ كَانَا لَقِيَانَا فِى الدِّهْلِيْ.

(۱۴) سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ هُوَ الَّذِيْ كَانَ خَوَّضَ / اَقْحَمَ الْخَيْلَ فِى نَهْرِ دِجْلَةَ.

مشق نمبر ۱۱۵　اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) بے شک ہوا سخت ہے۔

(۲) واقعی بخیل اپنی جان کا دشمن ہے۔

(۳) یقیناً کھلی ہوا مفید ہے۔

(۴) مجھے خوشی ہوئی کہ نتیجہ اچھا ہے۔

(۵) آفتاب گویا سونے کی ٹکیہ ہے۔

(۶) آدمی بخیل ہے مگر اس کا بیٹا سخی ہے۔

(۷) واقعی محنت کرنے والے کامیاب ہیں۔

(۸) کاش کہ لوگ انصاف کرتے۔

(۹) کاش کہ زندگی پریشانی سے خالی ہوتی۔

(۱۰) شاید ریل مؤخر ہے۔

(۱۱) شاید مزدور تھکے ماندے ہیں۔

(۱۲) واقعی لڑکیاں مہذب / شائستہ ہیں۔

مشق نمبر ١١٦　عربی میں ترجمہ کرو:

(١) إِنَّ مَحْمُوْدًا تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ.

(٢) إِنَّ هٰذَا الْقَصْرَ رَائِعٌ / ضَخْمٌ جِدًّا .

(٣) إِنَّ هٰذا الْبَلَدَ جميلٌ لٰكِن شَوَارِعَهٗ ضَيِّقَةٌ .

(٤) سَرَّنِيْ أَنَّ خَالِدًا نَاجِحٌ .

(٥) لَيْتَ جَمِيْعَ الطَّلَبَةِ نَاجِحٌ .

(٦) كَأَنَّ هٰذا الْقَصْرَ جَبَلٌ شَامِخٌ .

(٧) كَأَنَّ الْمُعَلِّمِيْنَ اٰبَاءٌ عَطُوْفُوْنَ .

(٨) مَحْمُوْدٌ أَسِيْرٌ لٰكِنَّهٗ بَرِيْءٌ .

(٩) اَلْاَصْدِقَاءُ كَثِيْرُوْنَ لٰكِنَّ الْاَوْفِيَاءَ / الْمُخْلِصِيْنَ قَلِيْلُوْنَ .

(١٠) هٰؤُلَاءِ مُخْلِصُوْنَ / سَالِمُوْنَ فِيْ نِيَّاتِهِمْ لٰكِنَّهُمْ مُخْطِئُوْنَ .

(١١) لَيْتَكُمْ تَلَامِيْذُ مُجْتَهِدُوْنَ .

(١٢) لَعَلَّ هٰؤُلَاءِ سَائِحُوْنَ / سَيَّاحُوْنَ .

(١٣) كَأَنَّ مَاءَ هٰذَا الْحَوْضِ / الْغَدِيْرِ مِرْاٰةٌ صَافِيَةٌ .

(١٤) كَأَنَّ الْكَوَاكِبَ مَصَابِيْحُ غَرَّاءُ / كَاَنَّ النُّجُوْمَ اُسْرِجَةٌ مُنِيْرَةٌ .

مشق نمبر ١١٧　اُردو میں ترجمہ کرو:

(١) یقیناً اللہ تعالیٰ انصاف اور بھلائی کا حکم دیتے ہیں۔

(٢) بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے منع کرتی ہے۔

(۳) بے شک کشتی خشکی پر نہیں چلتی۔
(۴) شاید اللہ تعالیٰ مجھے نیکی کی توفیق مرحمت فرمائے۔
(۵) کاش تم لوگ امتحان سے پہلے محنت کرتے۔
(٦) ہاتھی کے دونوں کان گویا دو پنکھے ہیں۔
(۷) واقعی جاہل اپنی ذات کا بدخواہ ہے۔
(۸) یقیناً بھلائیاں برائیوں کو دور کردیتی ہیں۔
(۹) واقعی مائیں بچیوں کے اخلاق سنوارتی ہیں۔
(۱۰) میں نے تجربہ کیا / معلوم کرلیا کہ آدمی کا عیاشی میں ڈوب جانا اس کے لئے ضرر رساں ہے۔
(۱۱) میرا خیال ہے اخبار فروش بہت ہوگئے۔
(۱۲) واقعی مالدار بہت ہیں لیکن وہ ناداروں سے ہمدردی نہیں کرتے۔

مشق نمبر ۱۱۸ عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) إِنَّ الرِّيَاضَةَ تُقَوِّى الْجِسْمَ / تُكْسِبُ الْبَدَنَ قُوَّةً.
(۲) إِنَّ مَحْمُوْدًا يَخْطُبُ جَيِّدًا / لَيُحْسِنُ الْخِطَابَةَ.
(۳) لَيْتَكُمْ تَعْمَلُوْنَ بِنَصِيْحَتِيْ / بِمَوْعِظَتِيْ.
(۴) أَنْتُمَا ذَكِيَّانِ لٰكِنَّكُمَا لَا تَجْتَهِدَانِ فِي الْقِرَاءَةِ.
(۵) كُنْتُ أَدْرِيْ أَنَّ هٰؤُلَاءِ الطَّلَبَةَ سَيَرْسُبُوْنَ فِي الْإِمْتِحَانِ.
(٦) لَعَلَّ هٰؤُلَاءِ يَجْتَهِدُوْنَ الْآنَ فِي الْقِرَاءَةِ.
(۷) النَّاسُ مُنْغَمِسُوْنَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَأَنَّهُمْ لَا يَمُوْتُوْنَ أَبَدًا.

---

(۸) اَلْبَخِيْلُ يَرىٰ / يُظَنُّ اَنَّ الْمَالَ دَائِمٌ / خَالِدٌ .

(۹) لَيْتَنَا نَشْكُرُ نِعَمَ اللّٰهِ تَعَالىٰ .

(۱۰) اَلْإِسْلَامُ هُوَ دِيْنُ الْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ .

(۱۱) لَيْتَ الْمُسْلِمِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ اَوَامِرَ الْإِسْلَامِ / يَعْمَلُوْنَ بِاَحْكَامِ الْإِسْلَامِ .

(۱۲) سُرِرْتُ اَنْ نَجَحْتُمْ فِي الْاِمْتِحَانِ .

(۱۳) اِنَّ مَنَارَتَيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ شَامِخَتَانِ / عَالِيَتَانِ جِدًّا .

(۱۴) كَاَنَّهُمَا تُنَاجِيَانِ السَّمَاءَ .

مشق نمبر ۱۱۹ اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) محمود ایک لائق / ہونہار طالب علم تھا لیکن بُروں کی صحبت میں پڑ کر ضائع ہو گیا۔

(۲) گھر صاف ستھرا تھا لیکن کوڑے کرکٹ کی وجہ سے گندہ ہو گیا۔

(۳) حقیقت حال واضح ہونے پر دشمن دوست بن گیا۔

(۴) چاند ابتداء میں دھیما بن کر ظاہر ہوتا ہے پھر ماہ کامل بن جاتا ہے۔

(۵) واقعی اللہ تعالیٰ کسی پر ظلم نہیں کرتے / بیشک نہیں ہیں وہ بندوں پر ظلم کرنے والے۔

(۶) اساتذہ طلبہ پر سختی گیر نہیں ہیں۔

(۷) موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا دل بے قرار ہو گیا۔

(۸) دوپہر کو بادل گھنا ہو گیا اور قریب تھا کہ بارش برس پڑتی۔

(۹) طلبہ نے اپنے اسباق میں مشغول شام گذاری۔

(۱۰) تم لوگ دن بھر بازاروں میں گھومتے رہے اور کام نہ کیا۔

(۱۱) ہم نے راحت میں رات گذاری اور کسی تکلیف کا ہمیں احساس نہ ہوا۔

(۱۲) بیمار نے تکلیف میں رات کاٹی اور رات بھر نہ سویا۔

مشق نمبر ۱۲۰　عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) مَاكَانَ الدَّرْسُ صَعْبًا جِدًّا لٰكِنِّيْ مَافَهِمْتُ .

(۲) كَانَتِ الْاَسْئِلَةُ سَهْلَةً جِدًّا الٰكِنِّيْ نَسِيْتُ .

(۳) كَانَ مَحْمُوْدٌ ذَكِيًّا جِدًّا لٰكِنَّهٗ لَمْ يَنْجَحْ لِاَجْلِ الْمَرَضِ .

(۴) ظَلَلْتُمُ الْيَوْمَ مُشْتَغِلِيْنَ بِدُرُوْسِكُمْ .

(۵) بِتْنَا مُضْطَرِبِيْنَ / مُتَشَوِّشِيْنَ .

(۶) اَصْبَحَ النَّاسُ مُذْعِرِيْنَ / خَائِفِيْنَ .

(۷) بَاتَ الشَّبَابُ / مَازَالَ الشُّبَّانُ الصَّالِحُوْنَ سَاهِرِيْنَ فِي ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى طُوْلَ اللَّيْلِ .

(۸) اَضْحَتِ السَّمَاءُ مُمْطِرَةً اَمْسِ .

(۹) تَلَامِيْذُ الصَّفِّ الثَّانِيْ كَانُوْا غَائِبِيْنَ فِي الْحِصَّةِ الثَّانِيَةِ .

(۱۰) صَارَ وَالِدُ مَحْمُوْدٍ شَيْخًا / هَرِمًا لٰكِنَّهٗ يَمْشِيْ رَاجِلًا اَمْيَالًا .

(۱۱) صَارَ الْقُطْنُ غَالِيًا فَيَغْلُوْ سِعْرُ الْقِمَاشِ / الثَّوْبِ .

(۱۲) كَانَتِ الْحَرَارَةُ شَدِيْدَةً اَمْسِ لِاَنَّ الرِّيْحَ كَانَتْ رَاكِدَةً تَمَامًا .

(۱۳) لَيْسَ مَاءُ هٰذِهِ الْبِئْرِ عَذْبًا لٰكِنَّهٗ بَارِدٌ جِدًّا .

(۱۴) لَسْتُ الْيَوْمَ بِصَائِمٍ لِاَنِّيْ كُنْتُ مَرِيْضًا مُذْيَوْمَيْنِ .

مشق نمبر ۱۲۱　اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) گرمی ایک ماہ سے سخت پڑ رہی ہے۔

(۲) مھذب / شائستہ آدمی ہمیشہ لوگوں کو پیارا رہا۔

(۳) بیمار ایک سال سے کھڑا رہا۔

(۴) قاضی اپنے فیصلوں میں برابر عدل کرتا رہا۔

(۵) تاجر اپنی سچائی کے ناتے ہمیشہ نفع مند رہا۔

(۶) جب تک تمہارے اخلاق عمدہ رہیں گے قابل احترام رہو گے۔

(۷) صدقہ ہمیشہ نفع پہنچاتا رہا۔

(۸) ریل نے سیٹی دی اور محمود غائب رہا۔

(۹) جب تک روشنی مدھم/دھیمی ہو پڑھائی نہ کرو۔

(۱۰) جب تک تم مریض ہو ٹھنڈک سے دور رہو۔

(۱۱) مائیں ہمیشہ مہربان رہیں۔

(۱۲) امتحان ختم ہو گیا اور نتیجہ نامعلوم/اوجھل رہا۔

مشق نمبر ۱۲۲　عربی میں ترجمہ کرو

(۱) مَافَتِئَ التِّلْمِيْذُ الْمُجْتَهِدُ عَزِيْزًا/ مُحَبَّباً .

(۲) مَابَرِحَ التَّلَامِيْذُ الْأَلِبَّآءُ مُجْتَهِدِيْنَ / الطَّلَبَةُ الْعُقَلَآءُ مُجِدِّيْنَ .

(۳) ظَلِلْتُمَا/ مَازِلْتُمَا الْيَوْمَ لَاعِبَيْنِ طُوْلَ النَّهَارِ .

(۴) مَاانْفَكَّتِ السَّمَآءُ مُتَغَيِّمَةً / مُتَلَبِّدَةً بِالْغُيُوْمِ مُنْذُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ .

(۵) مَازَالَتِ السَّمَآءُ مُمْطِرَةً مُذْسَاعَتَيْنِ كَامِلَتَيْنِ .

(۶) مَاانْفَكَّ الصِّرَاعُ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ .

(۷) مَازَالَ الْاِنْكِلِيْزُ / الْاِفْرَنْجُ اَعْدَآءً لِلْاِسْلَامِ .

(۸) مَابَرِحَ مُتَّبِعُوا الْحَقِّ قَلِيْلِيْنَ / اَقِلَّآءَ .

(۹) يَبْقَى الْإِسْلَامُ مَادَامَتِ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ .

(۱۰) اُعْبُدُوا اللّٰهَ مَادُمْتُمْ اَحْيَاءً.

(۱۱) مَازَالَ الْمُسْلِمُوْنَ مَنْصُوْرِيْنَ / غَالِبِيْنَ مَادَامُوْا عَامِلِيْنَ بِالْإِسْلَامِ .

(۱۲) لَاتَخْرُجْ مِنَ الْبَيْتِ مَادَامَ الْمَطَرُ يَنْزِلُ .

(۱۳) لَاتُطِلَّ مِنَ النَّوَافِذِ مَادَامَ الْقِطَارُ سَارِيًا.

(۱۴) مَافَتِئَ التَّلَامِيْذُ جَالِسِيْنَ فِيْ قَاعَةِ الْاِمْتِحَانِ حَتّٰى دُقَّ الْجَرَسُ .

مشق نمبر ۱۲۳ اردو میں ترجمہ کرو

(۱) لوگ زمانہ جاہلیت میں اپنی بیٹیاں زندہ درگور کرتے تھے۔
(۲) دیندار لوگوں کو دین اور غلبہ دین کے سوا کسی چیز سے سروکار نہ تھا/ کسی چیز کی فکر نہ تھی۔
(۳) لیکن آج ان میں بہت سے لوگ دنیا کی زندگی میں منہمک ہو گئے۔
(۴) کسان ایک بالشت / بالشت بھر زمین پر آپس میں لڑنے لگے۔
(۵) جو لوگ امتحان میں فیل ہو گئے تھے انہوں نے محنت شروع کر دی۔
(۶) لوگ ہمیشہ مرتے رہیں گے اور پیدا ہوتے رہیں گے حتی کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔
(۷) اللہ تعالی ہمیشہ ایسے شخص اٹھاتے رہیں گے جو ان کے دین کی تجدید کرے گا۔ ۱
(۸) تم لوگ آپس میں دشمن تھے پھر اس نے تمہارے دلوں میں الفت پیدا کی تو اس کے فضل سے تم بھائی بھائی بن گئے۔
(۹) تم لوگ جب تک اللہ تعالی کے حکم کی پیروی کرتے رہے آسائش میں رہے۔
(۱۰) سو جب تم نے اعراض کیا تو اللہ تعالی نے ایک محیط قحط کا مزہ تمہیں چکھایا۔
(۱۱) لوگ ہمیشہ دیانتدار تاجر کی بدولت نقصان سے بچتے رہے۔

---

۱ کذا فی سنن ابی داود و معجم طبرانی الاوسط بسند رجالہ ثقات ۳_۱۰۳

(۱۲) پر رونق، روح پرور مناظر ہمیشہ دلوں کے لئے خوشی کا سامان کرتے رہے۔

مشق نمبر ۱۲۴ عربی میں ترجمہ کرو

(۱) اُولٰئِکَ التَّلَامِیْذُ کَانُوْا یَتَکَاسَلُوْنَ / یَتَهَاوَنُوْنَ فِی الْعَمَلِ حَتّٰی سَقَطُوْا فِی الْامْتِحَانِ.

(۲) مَازِلْنَا نُضِیْعُ وَقْتَنَا حَتّٰی اٰنَ اَوَانُ الْاِمْتِحَانِ / اَزِفَ الْاِخْتِبَارُ.

(۳) لَمَّا دَعَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ النَّاسَ اِلٰی دِیْنِ الْحَقِّ صَارُوْا اَعْدَآءً لَّهٗ.

(۴) لٰکِنْ مَامَضَتْ اَیَّامٌ کَثِیْرَۃٌ / طَوِیْلَۃٌ حَتّٰی اَسْلَمَ سَآئِرُ الْعَرَبِ.

(۵) مَادَامَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ یَفْتَحُ مَمْلِکَۃٍ بَعْدَ مَمْلِکَۃٍ / دَوْلَۃً اِثْرَ دَوْلَۃٍ.

(۶) حَتّٰی عَزَلَهٗ عمرُ کَیْ لَایَفْتَتِنَ النَّاسُ.

(۷) وَلِیَعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَایُرِیْدُ.

(۸) عَسَاکِرُ الْاِسْلَامِ لَازَالَتْ تَزْحَفُ / تَتَقَدَّمُ حَتّٰی انْهَزَمَ الْعَدُوُّ.

(۹) لَایَبْرَحُ النَّاسُ ضَآلِّیْنَ / تَائِهِیْنَ فِی الضَّلَالَۃِ حَتّٰی یَتَّبِعُوْا دِیْنَ الْحَقِّ.

(۱۰) لَایَزَالُ النَّاسُ مَحْرُوْمِیْنَ عَنِ الْعَدْلِ مَادَامَ الْاِنْسَانُ یَحْکُمُ عَلَی الْاِنْسَانِ.

(۱۱) لَانَفْتَوءُ نُجَاهِدُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ حَتّٰی یَظْهَرَ / یَغْلِبَ دِیْنُ الْحَقِّ.

(۱۲) مَازَالَ الْمُسْلِمُوْنَ یَعِیْشُوْنَ حَیَاۃً سَاذِجَۃً مَادَامَ عُمَرُ خَلِیْفَۃً.

(۱۳) لٰکِنَّهٗ لَمَّا اسْتُشْهِدَ مَالَ النَّاسُ اِلَی التَّرَفِ / رَغِبَ النَّاسُ اِلَی التَّنَعُّمِ.

(۱۴) لَمْ تَتَقَدَّمْ / تَتَرَقَّ الدَّوْلَۃُ الْهِنْدِ مَادَامَ الْاِنْکِلِیْزُ یَحْکُمُوْنَ عَلَیْهَا.

مشق نمبر ۱۲۵　اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) اخلاص کے بغیر کوئی دوستی دوام پذیر پائیدار نہیں ہے۔

(۲) شریف لوگوں پر کیا گیا احسان ضائع نہیں ہے۔

(۳) اللہ تعالیٰ ان کے اعمال سے بے خبر نہیں ہیں۔

(۴) سخی اپنا مال خرچ کرنے میں بخیل نہیں ہوتا اور نہ روک رکھتا ہے۔

(۵) باغ میں کوئی پھل پکا ہوا نہیں ہے۔

(۶) کیا اللہ تعالیٰ اس پر قادر نہیں ہیں کہ مردوں کو زندہ کریں۔

(۷) عیش پرستی میں ڈوب جانا کوئی قابل ستائش چیز نہیں۔

(۸) میرے والدین پاکستان جانے والے نہیں۔

(۹) تمہارے دوست تمہارے لئے مخلص نہیں۔

(۱۰) ایک طالب علم غیر حاضر نہیں بلکہ دو غیر حاضر ہیں۔

(۱۱) جواں مرد کے لئے جسمانی حسن کوئی شرف نہیں۔

(۱۲) جبکہ اس کے افعال و اخلاق میں شرف نہ ہو۔

مشق نمبر ۱۲۶　عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) مَا اَشْجَارُ هٰذِهِ الْحَدِيْقَةِ مُثْمِرَةً .

(۲) مَا اَمْرُكَ خَافِيًا / مُخْتَفِيًا عَلَيَّ .

(۳) مَا اَنْتُمْ بِمُجْتَهِدِيْنَ جِدًّا / بِكَادِحِيْنَ فِيْمَا اَرٰى .

(۴) اِبْنَا مَحْمُوْدٍ مُجْتَهِدَانِ لٰكِنْ مَا هُمَا ذَكِيَّيْنِ فَطِنَيْنِ .

(۵) لَا كُلَّ غَنِيٍّ مُرْتَاحًا .

(۶) لَا صَدِيْقَانِ مُوَاثِقَيْنِ / مُتَوَثِّقَيْنِ فِي هٰذَا الزَّمَانِ .

(۷) مَابَنَاتُ حَامِدٍ بِجَاهِلَاتٍ .

(۸) لَاتَدْرِيْ نَفْسٌ مَايَكُوْنُ غَدًا؟

(۹) مَاهُوَ وَاقِفٌ عَلَى الْوَضْعِ الرَّاهِنِ / خَبِيْرٌ بِالْحَالِ الْحَاضِرِ .

(۱۰) مَاهُمْ مَحْمُوْدِيْنَ عِنْدَنَا .

(۱۱) مَاالْقِيَامُ عَلَى الدِّيْنِ سَهْلٌ / هَيِّنٌ فِي هٰذِهِ الْاَيَّامِ .

(۱۲) مَانَحْنُ مُطْمَئِنِّيْنَ عَلَى الْحَالَةِ الرَّاهِنَةِ .

(۱۳) مَاالْمُدَاهَنَةُ فِي الدِّيْنِ بِمَحْمُوْدَةٍ .

(۱۴) مَانَحْنُ بِغَافِلِيْنَ عَنْ وَّاجِبَاتِنَا / مُهِمَّاتِنَا .

مشق نمبر ۱۲۷ اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) دین میں زبردستی نہیں ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہوچکی ہے۔

(۲) تلون مزاج آدمی کی دوستی میں کوئی خیر وبہتری نہیں۔

(۳) مؤمن اپنے رب کی رحمت سے مایوس نہیں ہیں۔

(۴) یہاں قریب میں کسی پھل فروش کی دوکان نہیں۔

(۵) باغ میں انار کا کوئی پیڑ نہیں۔

(۶) راستہ میں کوئی سائیکل سوار نہیں۔

(۷) ایسے شخص کا کوئی ایمان نہیں جس میں دیانت داری نہیں اور ایسے شخص کا کوئی دین نہیں جس میں پاس عہد نہیں۔ [۱]

(۸) اپنے عمل میں کوشاں کوئی شخص قابل مذمت نہیں۔

(۹) اور اپنے کام میں کوتاہ کار کوئی فرد قابل ستائش نہیں۔

---

[۱] احمد، بیہقی ۲۵۶-۲

(۱۰) اپنے باپ کا نافرمان کوئی بیٹا خاندان میں قابل تعریف نہیں۔
(۱۱) نیکی میں مقابلہ کرنے والے شرمندہ نہیں ہیں۔
(۱۲) آسمان میں کوئی چمکنے والے ستارے نہیں ہیں۔
(۱۳) میرے خیال میں انگریز سے بڑھ کر کوئی قوم شاطر رعیار نہیں۔

مشق نمبر ۱۲۸　عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) لَامُسْتَشْفًى كَبِيْرًا فِي هٰذَا الْبَلَدِ.
(۲) لَامَسْجِدًا كَبِيْرًا فِي لَكْنَوْ
(۳) لَاتِلْمِيْذَ رَاسِبًا فِي صَفِّنَا.
(۴) لَافَوَّارَاتِ فِيْ حَدِيْقَةِ اَحْمَدَ.
(۵) لَامَلَابِسَ صُوْفِيَّةً عِنْدِيْ.
(۶) لَامُقْتَصِدَ فِي النَّفَقَاتِ مَذْمُوْمٌ.
(۷) لَامُطِيْعَ لِوَالِدِهٖ مِثْلُ مَحْمُوْدٌ.
(۸) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.
(۹) مَهْمَا يَكُنْ لَابَأْسَ عَلَيْكَ.
(۱۰) لَامَقْهٰى قَرِيْبٌ مِنْ هُنَا.
(۱۱) لَاطَبِيْبًا مَاهِرًا / حَاذِقًا هٰهُنَا.
(۱۲) لَارَاكِبًا دَرَّاجَةً فِي صَفِّكُمْ.
(۱۳) لَامُسْلِمِيْنَ مُطْمَئِنُّوْنَ عَلٰى حَالِهِمْ.
(۱۴) لَاصَدِيْقَيْنِ مُخْلِصَانِ / وَفِيَّانِ مِثْلُكُمَا.

(۱۵) لَاتِلْمِيْذًا مُجْتَهِدًا فِي صَفِّكُمْ فِيْمَا اَرٰى .

(۱۶) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ لَاتَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ . ؎

مشق نمبر ۱۶۹ اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) باغوں میں پھول کھلنے لگے ہیں۔

(۲) پرندوں نے ٹہنیوں پر چہچہانا شروع کیا۔

(۳) قریب تھا کہ مرض بیمار کا خاتمہ کردیتا مگر وہ جانبر تندرست ہوگیا۔

(۴) زمین خشک سالی کا شکار ہوگئی اس لئے لوگ بھوکوں مرنے لگے۔

(۵) طلبہ نے تقریر میں مقابلہ شروع کیا۔

(۶) جلسہ ختم ہوگیا اور لوگ منتشر ہونے لگے۔

(۷) تنگدستی کفر تک پہنچا سکتی ہے۔ ؎

(۸) امید ہے کہ عسرت زائل ہوگی اور اس کے بعد مالی فراوانی شروع ہوگی۔

(۹) اھل علم اور دیندار حضرات اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے لگے۔

(۱۰) بارش ہوئی تو کسانوں نے زمین میں ہل چلانا شروع کیا۔

(۱۱) امتحان سر پر آگئے اس لئے طلبہ محنت کرنے لگے۔

(۱۲) استاد نے شاگردوں کو نصیحت کرنا شروع کی اور ان کی رہنمائی کرنے لگا۔

مشق نمبر ۱۳۰ عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) هَلَّ الْمَسَاءُ فَشَرَعَتِ الطُّيُوْرُ تَذْهَبُ اِلٰى اَعْشَاشِهَا / اَوْكَارِهَا .

(۲) لَمَّافُتِّشَ عَنِ الْمُتَّهَمِ / اُوْخِذَ بِالْمُتَّهَمِ اَنْشَأَيَبْكِيْ .

؎ زاد المعاد ص ۲۸۶ ج ۲ وغیرہ ؎ بیہقی، ابونعیم، ابن عدی بسند ضعیف

(۳) هَبَّتْ رِيْحٌ عَاصِفَةٌ أَمْسِ فَكَادَتِ السَّفِيْنَةُ تَغْرِقُ .

(۴) عَسٰى أَنْ يَّكُوْنَ أَحْمَدُ خَطِيْبًا بَارِعًا .

(۵) حَرٰى مَحْمُوْدٌ أَنْ يَّكُوْنَ فِي الدَّرَجَةِ الْأُوْلٰى .

(۶) كَانَ حَامِدًا وَلَدًا لَاعِبًا / لَعَّابًا إِلَّا أَنَّهُ أَخَذَ يَجْتَهِدُ الْآنَ .

(۷) إِنْتَهَى الْإِمْتِحَانُ وَطَفِقَ الطَّلَبَةُ يَذْهَبُوْنَ إِلٰى دُوْرِهِمْ .

(۸) لَا تَعْجَلُوْا فَكَرُبَ الْفَجْرُ أَنْ يَّطْلَعَ .

(۹) تَلَبَّدَتِ السَّمَاءُ بِالْغُيُوْمِ فَكَادَ الْمَطَرُ أَنْ يَّنْزِلَ .

(۱۰) صَفَرَ أَمِيْنُ الْقِطَارِ وَجَعَلَ الْقِطَارُ يَتَحَرَّكُ .

(۱۱) وَقَفَ الْقِطَارُ وَأَقْبَلَ الْمُسَافِرُوْنَ يُنْزِلُوْنَ أَمْتِعَتَهُمْ .

(۱۲) أَوْشَكَ الْعَدُوُّ أَنْ يَّنْهَزِمَ .

(۱۳) لَمَّا سَمِعَ نَبَأَ فَشْلِهِ / خَيْبَتِهِ كَادَ أَنْ يَّبْكِيَ .

(۱۴) لَمَّا فُتِحَ مَكَّةُ قَامَ النَّاسُ يَدْخُلُوْنَ فِي دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا / فِي الْإِسْلَامِ أَرْسَالًا .

مشق نمبر ۱۳۱ اردو میں ترجمہ کرو:

(۱) جب رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلانا شروع کیا تو مشرکین آپ ﷺ کو ایذاء دینے لگے۔

(۲) جب مسلمان اللہ تعالیٰ کے دین کی نصرت کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے ان پر آسمانی برکات کے دروازے کھول دیئے۔

(۳) لیکن جب انہوں نے دعوت کو اور دعوت پر عمل پیرا ہونے کو ترک کر دیا تو دن بدن

انحطاط کا شکار ہونا شروع ہو گئے۔

(۴) ہم اسٹیشن پہنچے نہیں کہ گارڈ نے سیٹی دے دی۔

(۵) درجہ ثانیہ کے طلبہ چیخ وپکار کر رہے تھے، ہنگامہ برپا کئے ہوئے تھے۔

(۶) مگر استاذ کو دیکھنے نہ پائے تھے کہ ایسے خاموش ہو گئے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔

(۷) رسول اللہ ﷺ عمر کے پانچویں برس کو پہنچے ہی تھے کہ آپ ﷺ کی والدہ کا انتقال ہوا[۱]۔

(۸) آفتاب غروب ہوتے ہی روزہ داروں نے افطار شروع کر دیا۔

(۹) گارڈ کی سیٹی بجاتے ہی ٹرین حرکت میں آجاتی ہے۔

(۱۰) اپنے والد کی وفات کا سنتے ہی محمود کی جان نکلنے لگے گی۔

(۱۱) اس مہینے کے ختم ہوتے ہی لو چہروں کو جھلسنے لگے گی۔

(۱۲) کیا ہوا ان لوگوں کو کہ بات سمجھنے والے ہی نہیں لگتے۔

مشق نمبر ۱۳۲　عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) مَا كَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْلَدُ حَتّٰى تُوُفِّيَ اَبُوْهُ.

(۲) لَمَّا سَمِعَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ نَبَأَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَّ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ.

(۳) وَجَعَلَ يَقُوْلُ لَا اَكَادُ اَسْمَعُ اَحَدًا يَقُوْلُ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا ضَرَبْتُ عُنُقَهٗ.

(۴) لَمْ يَكَدِ الْجَرَسُ يُدَقُّ حَتّٰى اَخَذَ الطَّلَبَةُ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْفُصُوْلِ.

(۵) مَا كَادَ يَسْمَعُ نَبَأَ نَجَاحِهٖ حَتّٰى تَفَتَّحَ وَجْهُهٗ مِثْلَ الْوَرْدِ.

---

[۱] صحیح چھ برس ہے: کما هو سائر في سائر السِّيَر ۔۴۔۸۷

(۶) لَایَکَادُ الْاِمْتِحَانُ السَّنَوِیُّ یَنْتَهِیْ حَتّٰی یَجْعَلَ الطَّلَبَةُ یَرْتَحِلُوْنَ / یَرُوْحُوْنَ.

(۷) مَا کِدْتُ اَخْرُجُ مِنَ الْبَیْتِ حَتّٰی تَهَطَّلَ الْمَطَرُ / اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ مَطَرًا غَزِیْرًا.

(۸) مَا کَادَ یَسْمَعُ نَبَأَ وَفَاةِ اَبِیْهِ حَتّٰی غُشِیَ عَلَیْهِ / نُعِیَ وَالِدِهٖ حَتّٰی صُعِقَ.

(۹) لَایَکَادُ هٰذَا الشَّهْرُ یَنْتَهِیْ حَتّٰی تَاْخُذُ الْاَنْبَةُ تَنْضِجُ.

(۱۰) لَایَکَادُ الْمَطَرُ یَنْقَطِعُ حَتّٰی نَمْشِیَ.

(۱۱) لَایَکَادُ الْحَکَمُ یَصْفِرُ حَتّٰی یَطْفَقَ اللَّعَّابُوْنَ یَجْرُوْنَ / یَتَسَابَقُوْنَ.

(۱۲) لَمْ نَکَدْ نَصِلُ اِلَی الْمَدْرَسَةِ حَتّٰی جَعَلَ الْمَطَرُ یَنْهَمِرُ / یَهْطِلُ.

مشق نمبر ۱۳۳ اُردو میں ترجمہ کرو:

(۱) بڑھئی آرے سے لکڑی کاٹتا ہے اور اس سے کرسی بناتا ہے۔

(۲) بخدا! میں ضرور اسلامی ممالک کا سفر کروں گا اور ایک سال تک ان کی سیاحت کروں گا۔

(۳) گذشتہ رات آگ لگ گئی جس میں کتابوں کے سوا میرا تمام سامان جل گیا۔

(۴) باغ کے دو دروازے ہیں اور ہر دروازے پر ایک چوکیدار ہے۔

(۵) ریل لکھنؤ سے کانپور کا فاصلہ دو گھنٹے میں طے کرتی ہے۔

(۶) کبھی ایک کھانا بہت سے کھانوں سے محرومی کا سبب بن جاتا ہے۔

(۷) کیا وہ جھوٹ کو مانتے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں۔[1]

(۸) اور جو شخص دنیا میں اندھا رہے گا سو وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا۔[2]

---

[1] ۲۹۔ ۶۷　[2] ۱۷۔ ۷۲

(۹) تم کتنے سال سے لکھنؤ میں رہتے ہو؟

(۱۰) مرغی بیس دن تک انڈے سیتی ہے۔

(۱۱) جس نے تمہاری جھوٹی مدح سرائی کی اس نے درحقیقت تمہاری مذمت کی۔

(۱۲) ایسا شخص جو تمہارا شکر یہ ادا نہیں کرتا تمہیں احسان کرنے سے بے رغبت ہرگز نہ بنانے پائے۔

(۱۳) آج کا کام کل پر مت ڈالو۔

(۱۴) اپنے ایک دوست سے ملاقات کرنے کو میرا بھائی اسٹیشن گیا ہے۔

(۱۵) اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر حج کرنا اس گھر کا جو شخص قدرت رکھتا ہے اس کی طرف راہ چلنے کی۔

مشق نمبر ۱۳۴　عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) فِیْ هٰذَا الْعَصْرِ يُسْتَخْدَمُ الْكَهْرُبَآءُ فِی اَعْمَالٍ ضَخْمَةٍ / جَبَّارَةٍ.

(۲) اَلْاَعْمَالُ الَّتِیْ كَانَتْ تَسْتَغْرِقُ سَاعَاتٍ تُؤَدّٰی الْيَوْمَ فِی دَقَائِقَ لِلْاِكْتِشَافَاتِ الْجَدِيْدَةِ وَالْاِخْتِرَاعَاتِ / اَلْيَوْمَ تُؤَدّٰی اَعْمَالُ سَاعَاتٍ فِیْ دَقَائِقَ بِفَضْلِ الْاِكْتِشَافَاتِ الخ.

(۳) يُقَالُ اِنَّ فِی الْقَمَرِ لَعِمْرَ انًا.

(۴) فِیْ كَمْ يَوْمٍ يُمْكِنُ السَّفَرُ اِلَى الْقَمَرِ؟

(۵) مُنْذُ كَمْ يَوْمٍ وَالِدُكَ مَرِيْضٌ وَمِمَّنْ يَتَدَاوٰی؟

(۶) كُفَّ لِسَانَكَ اِلَّا عَنْ خَيْرٍ.

(۷) نَجَحَ جَمِيْعُ التَّلَامِيْذِ عَدَا اللَّاعِبِ.

(۸) إِنَّمَا يُثْنِي الْمُعَلِّمُونَ عَلَى الْمُتَعَلِّمِينَ الَّذِينَ يَجْتَهِدُونَ فِي التَّعَلُّمِ، عَلَى الْمُجْتَهِدِينَ مِنَ التَّلَامِيذِ.

(۹) أَيُمْكِنُ أَنْ تَمْتَحِيَ الضَّلَالَةُ مِنَ الدُّنْيَا ؟

(۱۰) سَأَلْتُ مَحْمُودًا فِي أَيِّ سَنَةٍ وُلِدْتَّ ؟ فَلَمْ يُحِرْ جَوَابًا.

(۱۱) قُلْ لِلْخَادِمِ أَنْ يَكْتَرِيَ لِيْ عَرَبَةَ الْخَيْلِ.

(۱۲) لَاتَكُوْنُوْا كَالتَّلَامِيذِ الَّذِيْنَ ضَيَّعُوْا، فَوَّتُوْا أَوْقَاتَهُمْ فِي اللَّعِبِ.

(۱۳) تَاللّٰهِ لَأَنْصُرَنَّ الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا دِيَارَهُمْ لِلْحَقِّ وَضَحُّوا بِأَنْفُسِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ.

ایک طالب علم کا خط اپنے والد کے نام

دار العلوم ندوۃ العلماء (لکھنؤ)

۱۸ر شوال ۱۳۷۲ھ

میرے والد بزرگوار ہدیۂ دعاء وسلام

آپ سے رخصت ہونے کے بعد یہ میرا پہلا خط ہے۔ شاید آپ سراپا انتظار ہوں گے۔ کہ میں (اس بارے میں) جلد خط روانہ کروں گا کہ میں نے مدرسہ کو کیسا پایا؟ اور کس درجہ اس سے مانوس ہوا؟

لیجئے اب میں بڑی فرحت ومسرت سے اطلاع دیتا ہوں کہ میں نے مدرسہ کو اور اس کے ماحول کو اپنے وہم وخیال سے بڑھ کر حسین پایا۔

رہے اساتذہ! تو وہ سب کے سب مخلص ومہربان ہیں۔ مجھ سے اس انداز سے گفتگو کرتے ہیں جیسے والدین اپنی اولاد سے۔ اور طلبہ نے بھی یوں خیر مقدم کیا۔ جیسے بھائی بھائی کا خیر مقدم کرتا ہے۔

مگر بایں همه میں رنج واضطراب میں مبتلا ہوں نہ کھانا لطف دیتا ہے نہ ہی چین کی نیند سوتا ہوں۔

اگر میں علم و دین کا متلاشی نہ ہوتا تو آپ کے فراق پر کبھی رضامند نہ ہوتا۔ اگر آپ نے علم کی محبت میرے دل میں نہ ڈال دی ہوتی اور اس کے عشق کا بیج میرے قلب میں نہ بویا ہوتا تو مدرسہ چھوڑ کر (فی الفور) آپ سے آملتا۔ لیکن میں علم ایسی دولت پر (جس میں اللہ تعالیٰ نے خیر و بھلائی رکھی ہے)۔ جہالت کو ہرگز ترجیح نہ دوں گا۔ آپ اللہ تعالیٰ کے حضور دل کی گہرائیوں سے میرے لئے دعا فرمایئے کہ وہ میرے دل کو مضبوط کر دیں اور علم نافع کی دولت سے مجھے نواز دیں۔ آپ کے دست اطہر کو بوسہ دے کر اس خط کو ختم کرتا ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امیدوار ہوں کہ وہ تادیر آپ کو ہم میں زندہ رکھیں گے اور آپ کی زندگی کے ایام ہمارے لئے دراز کر دیں گے۔

میری سراپا شفقت والدہ کو میری طرف سے پاکیزہ ترین تحفہ سلام پیش کر دیجئے

والسلام آپ کا فرماں بردار بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹے کے خط کا والد کی طرف سے جواب

عظیم آباد (پٹنہ)

۲۱ رشوال ۱۳۷۲ھ

فرزند عزیز! سلام اللہ و رحمتہ علیک

سلام مسنون کے بعد عرض ہے کہ کل شام تمہارا خط مجھے موصول ہوا اور تمہارا خیال بھی درست نکلا کہ ہم لوگ بڑے شوق سے تمہارے خط کا انتظار کر رہے تھے بلا شبہ مجھے اس بات سے بڑی مسرت ہوئی کہ مدرسہ ور مدرسہ کا ماحول تمہیں پسند آ گیا باقی رہی تمہاری گھبراہٹ اور وہ قلق واضطراب جس کا تم نے ذکر کیا تو یہ ایک فطری چیز ہے۔ اس لئے کہ انسان جب اپنا گھربار اور وطن چھوڑ کر ایسی جگہ منتقل ہوتا ہے جہاں اس کا کوئی مونس وغمخوار اور دوست نہیں ہوتا تو اس جگہ لازماً وحشت محسوس کرتا ہے۔

پیارے! تمہارا بھی یہی معاملہ ہے کہ جس ماحول میں تم نے نشو ونما پائی اسے چھوڑ کر ایسی جگہ منتقل ہوئے جس سے پہلے سے مانوس تھے (اس لئے گھبرا گئے) لیکن مجھے امید ہے کہ تم پر زیادہ دن گزرنے نہ پائیں گے کہ اس جگہ سے مانوس ہو جاؤ گے۔ یقیناً تم ایک دانا طالب علم ہو علم کی فضیلت سے واقف ہو اس لئے فی الوقت مزید کچھ لکھنے کی حاجت نہیں۔ اور تمہارا شوق بڑھانے کے لئے وہ حدیث رسول ﷺ کافی ہے جو تم پڑھ چکے کہ فرشتے طالب علم کے کام پر خوش ہو کر اس کے لئے اپنے پر بچھاتے ہیں۔ [1] اللہ تعالیٰ علم نافع کو تمہارا مقدر بنائیں اور اس دولت سے تمہیں نواز دیں۔

یہ (تھا تمہارے خط کا جواب) اور میں اللہ تعالیٰ سے طالب دعا ہوں کہ اپنی عنایت و مہربانی سے تمہارا محافظ و نگہبان رہے۔ والسلام

''تمہارے والد''

---

[1] احمد۔ بوداؤد۔ ترمذی

مشق نمبر ۱۳۵

اُكْتُبْ كِتَابًا إِلَى عَمِّكَ وَثَانِيًا إِلَى أُمِّكَ وَثَالِثًا إِلَى أَخِيكَ الصَّغِيرِ وَاذْكُرْ فِي الْأَوَّلِ نُبْذًا مِنْ أَحْوَالِ الْمَدْرَسَةِ ثُمَّ اطْلُبْ مَا تَحْتَاجُ إِلَيْهِ مِنَ الْمَلَابِسِ وَالنُّقُودِ وَاذْكُرْ فِي الثَّانِي عَطْفَ أَسَاتِذَتِكَ عَلَيْكَ وَأَخْبِرْ عَنِ الْكُتُبِ الدَّرْسِيَّةِ الَّتِي تَقْرَأُهَا أَنْتَ وَفِي الثَّالِثِ التَّرْغِيبَ إِلَى التَّعْلِيمِ وَمَا بَدَءَ لَكَ مِنَ النُّصْحِ.

ترجمہ

ایک خط اپنے چچا کے نام تحریر کرو، اور دوسرا خط اپنی والدہ کے نام اور تیسرا اپنے چھوٹے بھائی کے نام! پہلے خط میں مدرسہ کے کچھ حالات کا تذکرہ کرو پھر لباس اور رقم کا مطالبہ کرو جن کی تمہیں احتیاج ہے۔ اور دوسرے خط میں اپنے اوپر اساتذہ کی شفقت کا تذکرہ کرو اور ان درسی کتابوں کی اطلاع دو جنہیں پڑھ رہے ہو۔ تیسرے خط میں تعلیم کی ترغیب ذکر کرو اور مزید جو نصیحتیں تمہارے ذہن میں آئیں۔

اَلْكِتَابُ الْأَوَّلُ

إِلَى عَمِّي الشَّفِيقِ صَانَهُ اللّٰهُ تَعَالَى　　سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ

بَعْدَ إِهْدَاءِ التَّحِيَّةِ الْمَسْنُونَةِ! طَالَمَا أَرَدْتُ أَنْ أُرْسِلَ إِلَى جَنَابِكَ مَكْتُوبًا أُفَصِّلُ فِيهِ أَوْ ضَاعِي التَّعْلِيمِيَّةَ لٰكِنْ لَازَالَتْ أَشْغَالِي الدَّرْسِيَّةُ تَحُولُ بَيْنِي وَبَيْنَ أُمْنِيَّتِي إِلَى أَنْ أُتِيحَتْ لِي هُنَيْهَاتٌ فِي الْهَزِيعِ الْأَخِيرِ مِنَ اللَّيْلِ فَاغْتَنَمْتُهَا لِمُخَاطَبَتِكَ. فَهَا أَنَا أُنْبِئُكَ بِكُلِّ حُبُورٍ وَسُرُورٍ أَنِّي مُكِبٌّ عَلَى حُصُولِ الْعِلْمِ هَادِئًا مُنْعَزِلًا. وَمِنْ حُسْنِ حَظِّي أَنِّي انْتَسَبْتُ إِلَى مَدْرَسَةٍ

امْتَازَتْ مِنْ بَيْنِ الْمَدَارِسِ بِمُدِيْرِهَا الْخَبِيْرِ الْبَارِعِ وَمُعَلِّمِيْهَا النَّوَابِغِ الْمُحَنَّكِيْنَ وَ عَمَلَتِهَا الْمُؤْتَمِنِيْنَ . فَهِيَ جَامِعَةٌ بَيْنَ جَمَالِ الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ

وَمِنَ النَّبَأِ السَّارِّلَكَ اِنِّيْ اَكْمَلْتُ الْجُزْءُ الْاَوَّلَ مِنْ مُعَلِّمِ الْاِنْشَاءِ فَقَدَرْتُ بِهٖ عَلَى التَّكَلُّمِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَ الْكِتَابَةِ بِهَا اِلٰى حَدِّ التَّعْبِيْرِ عَمَّا فِيْ ضَمِيْرِيْ .

فَعَبَثًا مَّا كُنْتُ اَظُنُّ اَنَّ الْعَرَبِيَّةَ مِنْ اَصْعَبِ اللُّغَاتِ لَا يُمْكِنُ تَحْصِيْلُهَا . فَهٰذَا الْكِتَابُ مَعَ وَجَازَتِهٖ خَطَّأَ فِكْرَتِيْ هٰذِهٖ وَ جَرَّأَنِيْ عَلٰى اَنْ اَتَحَدّٰى كُلَّ امْرِئٍ حَامِلٍ لِهٰذَا الْفَهْمِ الْخَاطِئِ . وَهٰذِهِ الْجِدَارَةُ لَا دَخْلَ لِشَخْصِيَّتِيْ فِيْهَا بَلْ هِيَ مِنْ مِيْزَاتِ مَدْرَسَتِنَا اَيْضًا حِيْنَ ضُمَّتْ اِلٰى مَنْهَجِهَا التَّعْلِيْمِيِّ كُتُبٌ هَامَّةٌ مِنْ مَنْهَجِ نَدْوَةِ الْعُلَمَاءِ بِلَكْنُؤْ وَبَقِيَّةُ الْحَدِيْثِ ءُاَجِّلُهَا اِلَى الْاِجَازَاتِ السَّنَوِيَّةِ فَاَتَشَرَّفُ بِزِيَارَتِكَ اَثْنَاءَ هٰذِهِ الْفَتْرَةِ وَاَعْرِضُ عَلَيْكَ بَقِيَّةَ الْاَحْوَالِ .

عَمِّي الْكَرِيْمُ! اِنَّ لِيْ حَاجَةً مَاسَّةً اِلَى النُّقُوْدِ لِشِرَاءِ بَعْضِ الْاَدَوَاتِ الدِّرَاسِيَّةِ حَالًا وَاَزِفَتْ اَيَّامُ الْبَرْدِ اَيْضًا فَحُسْنُ صَنِيْعِكَ يَحْمِلُنِيْ عَلٰى اَنْ اُكَلِّفَكَ بِاِرْسَالِ النُّقُوْدِ وَالْمَلَابِسِ الصُّوْفِيَّةِ وَالْجَوْرَبَيْنِ بِاَوَّلِ الْفُرْصَةِ فَالْمُؤَمَّلُ مِنْ فَضِيْلَتِكَ اَنْ تُشَرِّفَ عَرِيْضَتِيْ بِالْقُبُوْلِ وَلَا تَنْسَنِيْ فِيْ دُعَاءِكَ الْمُسْتَجَابِ . وَالسَّلَامُ

ابن اخیک المطیع

اسامۃ اسلم ۲۱/۳/۱۴۱۴ھ۔

ترجمہ

پہلا خط

اپنے شفیق چچا کے نام (اللہ تعالیٰ انہیں اپنی حفاظت میں رکھے)

سلام اللہ علیک ورحمتہ

سلام مسنون کا تحفہ پیش کرنے کے بعد (عرض گزار ہوں کہ) بار ہا میں نے ارادہ کیا کہ اپنے تعلیمی احوال سے متعلق ایک مفصل خط آپ کی خدمت میں روانہ کروں مگر تعلیمی مشاغل ہمیشہ اس آرزو میں حائل بنتے رہے تا اینکہ رات کے آخری حصے میں کچھ گھڑیاں میسر آ گئیں جنہیں آپ سے مخاطب ہونے کے لئے غنیمت جانا۔

تو لیجئے پورے سرور وشادمانی سے آپ کو اطلاع دیتا ہوں کہ یکسو ہو کر پوری دلجمعی سے میں حصول علم میں مشغول ہوں۔ اور یہ میری خوش نصیبی ہے کہ میں نے ایسے مدرسہ میں داخلہ لیا جو اپنے ماہر و باکمال مہتمم۔ فاضل و تجربہ کار اساتذہ اور دیانتدار عملہ کے ناتے تمام مدارس سے ممتاز ہے۔ یہ مدرسہ حسن ظاہر و باطن کا جامع ہے۔

اور آپ کو خوشخبری ہو کہ میں نے معلم الانشاء کا پہلا حصہ مکمل پڑھ لیا ہے۔ جس سے میں اپنے مافی الضمیر کے اظہار کی حد تک عربی زبان بولنے لکھنے پر قادر ہو گیا۔

میں تو فضول یہ گمان رکھتا تھا کہ عربی مشکل ترین زبان ہے جس کا حصول ممکن نہیں۔ لیکن اس کتاب نے اپنے اختصار کے باوجود میری اس سوچ کو غلط ثابت کر دکھایا اور مجھے یہ جرأت بخشی کہ اس قسم کے غلط فہمی کے شکار ہر انسان کو چیلنج کروں اور اس استعداد و لیاقت میں بھی میری ذات کا کچھ دخل نہیں بلکہ یہ بھی ہمارے مدرسہ کی امتیازی خصوصیات میں سے ہے کہ اس کے تعلیمی نصاب میں ندوۃ العلماء لکھنؤ کے نصاب میں سے چند اہم کتابیں شامل کی گئیں۔

بقیہ گفتگو سالانہ چھٹیوں پر اٹھا رکھتا ہوں اس دوران آپ کی زیارت سے مشرف ہوں گا اور بقیہ احوال عرض کروں گا۔

محترم چچا جان! مجھے بعض درسی اشیاء کی خریداری کے لئے اس وقت رقم کی شدید ضرورت ہے نیز سردی کے ایام سر پر آ گئے اس لئے آپ کا حسن سلوک اس (جرأت) پر آمادہ کر رہا ہے کہ آپ کو زحمت دوں کہ اولین فرصت میں رقم اونی کپڑے اور جرابیں ارسال کیجئے۔ آں جناب سے امید کی جاتی ہے کہ میری درخواست کو شرف قبول بخشیں گے۔ اپنی مقبول دعاؤں میں مجھے فراموش نہ کیجئے۔ والسلام

آپ کا فرماں بردار بھتیجا اسامہ اسلم

۲۱ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ۔

الكتاب الثاني

أُمِّي الْحَنُوْنُ أَطَالَ اللّٰهُ حَيٰوتَكِ   اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

لَعَلَّكِ كَئِيْبَةٌ إِذْ كُنْتُ كَتَبْتُ إِلَيْكِ فِي الْخِطَابِ السَّالِفِ أَنِّي مُذْ غَادَرْتُ بَيْتِي إِلَى الْمَدْرَسَةِ فُؤَادِي فَارِغٌ لَا يَهْنَأُ لِي طَعَامٌ وَّلَا شَرَابٌ فَأَتِيْهُ طَائِرُ الْقَلْبِ. لٰكِنْ مَامَضٰى عَلٰى هٰذِهِ الْحَالَةِ أُسْبُوْعٌ أَنْ رَّبَطَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى قَلْبِي وَحَالَفَنِي فَضْلُهُ فَسَرْعَانَ مَا انْضَمَمْتُ إِلٰى صَفِّ الزُّمَلَاءِ وَطَفِقْتُ أُشَارِكُهُمْ فِي جَمِيْعِ الدُّرُوْسِ بِالْاِلْتِزَامِ.

وَفَضْلُهُ ظَهَرَ بِصُوْرَةِ الْأَسَاتِذَةِ الْأَفَاضِلِ الَّذِيْنَ يَعْتَنُوْنَ بِالتَّلَامِيْذِ اِعْتِنَاءَ الْأٰبَاءِ بِالْأَوْلَادِ فَيَبْذُلُوْنَ أَقْصٰى جُهُوْدِهِمْ فِي تَهْذِيْبِ النَّاشِئِيْنَ وَتَثْقِيْفِهِمْ فَلِلّٰهِ دَرُّهُمْ حِيْنَ أَخَذُوْا بِيَدِي وَشَجَّعُوْنِي فِي مَوْقِعٍ حَرِجٍ فَبِعِنَايَتِهِمْ لَاءَمَنِي جَوُّ الْمَدْرَسَةِ جَوُّ الْعِلْمِ وَالْعَمَلِ وَتَقَلَّبَ تَرَحِي فَرَحًا.

فَالْاٰنَ صَمَّمْتُ عَلٰى أَنْ أَسْتَمِرَّ فِي تَحْصِيْلِ الْعِلْمِ حَتّٰى أَتَخَرَّجَ مِنْ مَعْهَدِ التَّعْلِيْمِ وَأَقِفَ حَيَاتِي عَلٰى خِدْمَةِ الدِّيْنِ الْقَوِيْمِ.

وَالْكُتُبُ الَّتِي تَحْتَ الدَّرْسِ كُلُّهَا هَامَّةٌ اَسَاسِيَّةٌ فَهَا هِيَ اِسْمَائُهَا .
كَنْزُ الدَّقَائِقِ لِلْاِمَامِ اَبِي الْبَرَكَاتِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اَحْمَد النَّسَفِي رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ . اُصُوْلُ الشَّاشِي لِاَبِيْ اِبْرَاهِيْم اسْحَاق الشَّاشِيّ رحمه اللّٰه تعالىٰ كَافِيَةُ ابْنِ الْحَاجِبِ رَحِمَهُ اللّٰه تَعَالى شَرْحُ التَّهْذِيْبِ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُسَيْنِ يَزْدِيْ رَحِمَهُ تَعَالى نَفْحَةُ الْعَرَبِ لِمَوْلَانَا اِعزاز عَلِيْ الدِّيُوْبَنْدِيْ رَحِمَهُ اللّٰه تَعَالى اَلْجُزْءُ الثَّانِيْ مِنْ مُعَلِّمِ الْاِنْشَاءِ لِمَوْلَانَا عَبْدِ الْمَاجِدِ النَّدْوِيّ وَعِلَاوَةً عَلٰى هٰذِهِ الدُّرُوْسِ نَقْرَأُ تَرْجَمَةَ الْاَجْزَاءِ الْعَشْرَةِ الْاَخِيْرَةِ مِنَ الْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ وَعَدَدًا مَلْحُوْظًا مِنْ اَحَادِيْثِ رِيَاضِ الصَّالِحِيْنَ لِلْاِمَامِ اَبِيْ زَكَرِيَّا النَّوَوِيّ رَحِمَهُ اللّٰه تَعَالىٰ فَاَرْجُوْ مِنْ اُمِّي الشَّفِيْقَةِ عَنْ اسْتِحْقَاقٍ اَنْ تُدِيْمَ ذِكْرِيْ فِيْ دَعَوَاتِهَا الْيَوْمِيَّةِ عَامَّةً وَفِيْ دُعَاءِ جَوْفِ اللَّيْلِ الْاَخِيْرِ خَاصَّةً وَفِي الْخِتَامِ قَدِّمِيْ اَطْيَبَ التَّسْلِيْمَاتِ عَلٰى جَمِيْعِ الْاِخْوَانِ وَالْاَخَوَاتِ . والسَّلام

ولدكِ البارُّ

محمد ابراهيم ۲۳/۳/ ۱۴۱۴ھ۔

ترجمہ

دوسرا خط

سراپا شفقت والدہ! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز فرمائے۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

شاید آپ کبیدہ خاطر ہیں کہ میں نے گذشتہ خط میں آپ کو لکھا تھا کہ جب سے میں گھر چھوڑ کر مدرسہ آیا ہوں میرا دل بے قرار ہے نہ کھانے کی کوئی چیز خوش گوار لگتی ہے نہ پینے کی۔ بس پریشان خاطر آوارہ پھرتا ہوں۔ مگر اس کیفیت پر ہفتہ بھی نہ گزرنے پایا تھا کہ

اللہ تعالیٰ نے میرے دل کو تھام لیا اور اس کے فضل وکرم نے دستگیری کی، بہت جلد میں طلبہ کی جماعت میں شامل ہو گیا اور ان کے ساتھ تمام اسباق میں پابندی سے شرکت کرنے لگا۔ اور اللہ تعالیٰ کا فضل واحسان ان بزرگ اساتذہ کی صورت میں ظہور پذیر ہوا جو طلبہ پر والدین کی سی شفقت کرتے ہیں، اور اپنی تمام تر کوشش نوخیز طلبہ کی تہذیب وترتیب پر صرف کرتے ہیں، ان کی خوبی اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے کہ انہوں نے ایک نازک وقت میں میرا ہاتھ تھاما اور مجھے حوصلہ دیا، انہی کی عنایت سے مدرسہ کا ماحول جو علم وعمل کا ماحول ہے۔ مجھے راس آیا اور میری پریشانی شادمانی میں بدل گئی اب میں نے پختہ ارادہ کرلیا ہے کہ تحصیل علم میں مسلسل لگا رہوں گا حتی کہ مرکز علم سے فراغت پاکر اپنی زندگی کو دین حنیف کی خدمت پر وقف کردوں۔

اور کتابیں جو زیر درس ہیں سب کی سب اہم ترین اور بنیادی کتابیں ہیں لیجئے ان کے نام:

کنز الدقائق تالیف امام ابو البرکات عبداللہ بن احمد نسفی رحمہ اللہ تعالیٰ اصول الشاشی تالیف امام ابو ابراهیم اسحاق الشاشی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ کافیہ تالیف امام ابن حاجب رحمہ اللہ تعالیٰ۔ شرح التہذیب تالیف شیخ عبداللہ بن حسین یزدی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ نفحۃ العرب تالیف حضرت مولانا اعزاز علی صاحب دیوبندی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ معلم الانشاء جزء ثانی تالیف مولانا عبدالماجد صاحب ندوی۔ اور ان اسباق کے علاوہ ہم قرآن حکیم کے آخری دس پاروں کا ترجمہ اور ریاض الصالحین (تالیف امام ابوزکریا نووی رحمہ اللہ تعالیٰ) کی احادیث کی ایک بڑی تعداد بھی پڑھتے ہیں۔ میں اپنی مہربان والدہ سے بجا طور پر امید رکھتا ہوں کہ مجھے اپنی روزمرہ کی دعاؤں میں عموماً اور دعاء آخر شب میں خصوصاً یاد رکھیں گی اور آخر میں میرے تمام بھائی بہنوں کو پاکیزہ ترین تسلیمات (کا تحفہ) پیش کر دیجئے۔

والسلام آپ کا حکم بردار بیٹا

محمد ابراهیم ۲۳ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ۔

الكتاب الثالث

أخِي الْحَبِيْبُ أحَبَّكَ اللّٰهُ تَعَالىٰ فِي الدَّارَيْنِ

سَلَامُ اللّٰه عَليكَ وَرَحْمَتهُ

عَوَاطِفُ الْمَحَبَّةِ وَالْمَوَدَّةِ بَيْنَنَا غيرُ خَافِيَةٍ عَلىٰ أحَدٍ وَلَا شَكَّ أنِّيْ آنَسُ بِكَ خَاصَّةً أكْثَرَ من جَمِيْعِ الْإِخْوَانِ لٰكِنْ مَعَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ لَسْتُ بِرَاضٍ عَنْ وَضْعِكَ الرَّاهِنِ فَإنَّكَ لَاتَكْتَرِثُ لِلتَّعَلُّمِ بَلْ لِلتَّدَيُّنِ أكثَرَ اَتَاكَ لِلتَّلَعُّبِ فَحَالُكَ هٰذَا يُقْلِقُنِيْ وَيُقِضُّ عَلَيَّ الْمَضْجَعَ لَيْتَكَ عَلِمْتَ أنَّ هٰذَا السُّلُوكَ لَايُجْدِيْكَ فِي الْمُسْتَقْبَلِ شَيْئًا سِوَى الْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ وَلَا يُمْكِنُ لِيْ أنْ أنْصَحَ لَكَ أحْسَنَ وَأوْجَزَ مِمَّا نَصَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا: اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ وَحَيَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ (مستدرک حاکم ص ۳۰۶ ج ۴).

فَخَطَأٌ مَّا تَتَفَاءَلُ أنَّكَ سَتَفُوْزُ فِي مَرَامِكَ بِهٰذَا السَّيْرِ الْبَطِيءِ أمَا سَمِعْتَ "أنَّ الْعِلْمَ لَايُعْطِيكَ بَعْضَهٗ حَتّٰى تُعْطِيَهٗ كُلَّكَ" وَمَنْ طَلَبَ عَظِيْمًا خَاطَرَ بِعَظِيْمٍ" فَإيَّاكَ أخِيَّ الْكَسَلَ وَالْمَعْصِيَةَ فَإنَّهُمَا عَدُوَّانِ لَدُوْدَانِ بِطَرِيْقِ الْعِلْمِ فَحَذَارِ عَنْهُمَا وَاَخْتِمُ لَكَ هٰذَا الْمَقَالَ بِنُصْحِ الْإمَامِ وَكِيْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ لِتِلْمِيْذِهِ الرَّشِيْدِ أبِيْ إدْرِيْسَ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالىٰ رَاجِيًا مِنْكَ أنْ تَجْعَلَهٗ نُصْبَ عَيْنَيْكَ يَقُوْلُ الْإمَامُ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللّٰه تَعَالىٰ!.

؎ شَكَوْتُ إِلَى وَكِيعٍ سُوْءَ حِفْظِى فَأَوْصَانِى إِلَى تَرْكِ الْمَعَاصِى
فَإِنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ مِّنْ إِلٰهٍ وَنُوْرُ اللّٰهِ لَا يُعْطٰى لِعَاصِى

وَالسَّلَامُ

اخوک المخلص

عبدالفتاح ۔ ۱۴۱۴/۳/۲۴ھ۔

ترجمہ

تیسرا خط

برادر عزیز (اللہ تعالیٰ دارین میں تمہیں محبوب رکھے) سلام اللہ علیک ورحمتہ۔

ہمارے دلوں میں محبت وخیر سگالی کے جو جذبات پائے جاتے ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ میں تمام بھائیوں میں سب سے زیادہ تم سے انس رکھتا ہوں لیکن بایں ہمہ تمہاری موجودہ حالت سے میں خوش نہیں اس لئے کہ تمہیں تعلیم بلکہ دین داری کی بھی ایسی پرواہ نہیں جیسی پرواہ کھیل کود کی ہے۔

تمہاری یہ کیفیت مجھے آزردہ دل اور بے چین رکھتی ہے کاش کہ تمہیں معلوم ہو جائے کہ تمہارا یہ چال چلن تمہیں مستقبل میں پچھتاوے اور پشیمانی کے سوا کوئی فائدہ نہ دے گا رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو جو نصیحت ارشاد فرمائی میں اس سے عمدہ اور مختصر نصیحت تمہیں نہیں کر سکتا (آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا) پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں کی آمد سے پہلے غنیمت تصور کرو۔ اپنی جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، مالداری کو تنگدستی سے پہلے، فراغت کو مشغول ہونے سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے (مستدرک حاکم) تم غلط طور پر اس خوش فہمی کا شکار ہو کہ اس سست رفتاری سے تم اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کر لو گے۔ کیا تم نے سنا نہیں کہ "علم اپنا تھوڑا سا حصہ بھی تمہارے حوالے نہ کرے گا تاآنکہ تم اپنا سب کچھ اس کے سپرد نہ کردو"۔

''اور جو کسی بڑی چیز کا طلب گار ہو گا وہ بڑے خطرے کا سامنا کرے گا'' (یعنی عظیم مقصد کے لئے عظیم قربانی درکار ہے)۔

میرے پیارے بھائی! کاھلی اور معصیت سے دور بھاگو کہ یہ دونوں راہ علم کے بدترین دشمن ہیں لہذا ان سے بچ کر رہو۔

میں اپنی اس بات کو امام وکیع بن الجراح رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس نصیحت پر ختم کرتا ہوں جو انہوں نے اپنے شاگرد رشید امام ابوادریس شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کو فرمائی، تم سے یہ امید رکھتے ہوئے کہ اسے اپنا نصب العین بنالو گے حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ ۔

میں نے (اپنے استاذ امام) وکیع بن الجراح رحمہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں حافظہ کی کمزوری کی شکایت کی۔ تو انہوں نے مجھے معاصی ترک کرنے کی نصیحت فرمائی۔ اس لئے کہ علم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نور ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا نور نافرمان کو نہیں دیا جاتا۔

والسلام

تمہارا مخلص بھائی

عبدالفتاح

۲۴ / ربیع الاول ۱۴۱۴ھ